© rasailojaraid.com

## (۲)

نام کتاب : بنگلہ دیشی اور ارکانی مہاجرین

مصنف : مولانا محمد صدیق ارکانی

ضخامت: 70 صفحات قیمت: درج نہیں

ناشر: جمعیت خالد بن ولید الخیریہ ارکان برما (میانمار)

برائے رابطہ: مولانا عنایت اللہ' دفتر ماہنامہ ''حق نوائے احتشام'' جامعہ احتشامیہ' جیکب لائن' کراچی

اس کتابچے کے مصنف عالم دین ہیں اور کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ انہوں نے مولانا تنویر الحق تھانوی کی معیت میں بنگلہ دیش کا سفر کیا اور وہاں ایک ماہ تک سیاحت کی۔ سیاحت کے دوران انہوں نے جو کچھ دیکھا وہ اس کتابچے میں تحریر کر دیا ہے۔ اس طرح ان کا یہ سفرنامہ بنگلہ دیش کا تفصیلی تعارف کرتا ہے۔ اس کتابچے میں انہوں نے سقوطِ ڈھاکہ (۱۶ دسمبر ۱۹۷۱ء) کے سانحے کی وجوہات' اسباب اور واقعات لکھے ہیں۔ اس کے علاوہ موجودہ بنگلہ دیش کے متعلق درج ذیل معلومات بھی دی گئی ہیں: اگرتلہ سازش کیس' آپریشن سرچ لائٹ' بنگلہ دیش کے مشہور شہر' سیاسی جماعتیں' بڑے بڑے دینی مدارس' نامور علمائے دین' چند دیگر معروف شخصیات' ڈھاکہ کا فاصلہ دوسرے شہروں سے' بنگلہ دیش کے اضلاع اور ڈویژن' ملک کے سربراہان کی فہرست دسمبر ۱۹۷۱ء سے اب تک۔

کتابچے میں جگہ جگہ برما کے مظلوم مسلمانوں کی حالت زار کا تذکرہ ہے جو لاکھوں کی تعداد میں سالہا سال سے بنگلہ دیش کے کیمپوں' پہاڑوں اور جنگلوں میں جانوروں سے بدتر زندگی گزار رہے ہیں۔ انہوں نے برما کی حکومت کے ظلم وستم سے تنگ آ کر بنگلہ دیش میں پناہ لی' مگر ان کو یہاں خوش دلی کے ساتھ قبول نہیں کیا گیا اور وہ عیسائی مشنری اور اقوام متحدہ کے کارکنوں کے رحم وکرم پر ہیں۔ ان کی کسمپرسی اور بدحالی کے مختلف مناظر' رنگین تصاویر کے ذریعے دکھائے گئے ہیں۔ اس حالت میں اندیشہ ہے کہ وہ ایمان ہی سے ہاتھ نہ دھو بیٹھیں۔ ان مہاجرین کے ایمان واسلام کو سلامت رکھنے کے لیے وہاں دینی مدارس قائم کیے گئے ہیں' جن کی مالی معاونت کی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں کتابچے کے ناشر کی معرفت مولانا عبدالقدوس صاحب سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

(تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ)

قرآن حکیم کی مقدس آیات اور احادیث نبویؐ آپ کی دینی معلومات میں اضافے اور دعوت وتبلیغ کے لیے شائع کی جاتی ہیں۔ ان کا احترام آپ پر فرض ہے۔ لہٰذا جن صفحات پر یہ آیات درج ہیں ان کو صحیح اسلامی طریقے کے مطابق بے حرمتی سے محفوظ رکھیں۔



© rasailojaraid.com